☆ سرمایۂ عزیز' قاری عبدالعزیز اظہر۔ ناشر: بساط ادب' اے ۱۳' انارکلی کمپلیکس' فیز ڈی' سیکٹر ۱۱' ای' نارتھ کراچی' کراچی-۷۵۸۵۰۔ [طویل عرصے سے برطانیہ میں مقیم اظہر صاحب کا مجموعۂ کلام' حمد' نعت' آیات قرآنی کے آزاد ترجمے' غزلیں' نظمیں' قطعات و رباعیات' مرثیے اور چند طنزیہ اور مزاحیہ نظمیں۔ روایت کی پاس داری' تعمیری فکر' مثبت جذبات۔]

☆ المصباح' حقوق طلبہ مدارس نمبر' مدیر: محمد احسن بھٹی۔ پتا: ا' اے' ذیلدار پارک' اچھرہ' لاہور۔ صفحات: ۸۴۔ قیمت: ۱۵ روپے۔ [دینی مدارس کے خلاف بے بنیاد پروپیگنڈے' اسناد کی مساوی حیثیت' رجسٹریشن پر پابندی اور مدارس میں بے جا مداخلت وغیرہ مطالبات کو مضامین اور مصاحبوں کے ذریعے نمایاں کیا گیا ہے۔ ہر مکتب فکر کے جید علما کی تحریریں۔ اپنے موضوع پر محنت سے مرتب شدہ ایک مفید دستاویز۔]

☆ Blochistan in Profile' مصنف: ایم' انور رومان۔ ناشر: یونائیٹڈ پرنٹرز' زونگی رم روڈ' کوئٹہ۔ صفحات: ۱۵۴۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔ [مصنف اس سے پہلے بھی بلوچستان پر متعدد کتابیں شائع کر چکے ہیں۔ زیرنظر کتاب ایک طرح سے بلوچستان کی تاریخ ہے جس میں وہاں کی بعض نامور شخصیات کا تفصیلی تذکرہ بھی شامل ہے۔]

☆ روح الحدیث' مرتب: سید قاسم محمود۔ ناشر: بک مین' الشجر بلڈنگ' نیلا گنبد' لاہور۔ صفحات: ۱۶۰۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔ [مختلف عنوانات کے تحت زندگی کے مختلف شعبوں سے متعلق صحاح ستہ سے احادیث نبویؐ کا ایک انتخاب (اردو ترجمہ)۔ ابتدا میں درود شریف کے متعلق ۴۰ حدیثیں اور علم الحدیث کے تعارف پر مولانا عبدالغفار حسن عمرپوری کا مضمون۔]

☆ آنحضورؐ کی تعلیمی جدوجہد' پروفیسر رب نواز۔ ناشر: ادارہ تعلیمی تحقیق' ۳ بہاول شیر روڈ' مزنگ' لاہور۔ صفحات: ۸۷۔ قیمت: ۴۵ روپے۔ [آنحضورؐ کی تعلیمی جدوجہد کے مختلف پہلو: حصول علم کی فرضیت' اس کے لیے ترغیب' خواتین کے لیے تعلیم کی تاکید' تحریر و کتابت کے لیے آپؐ کی مساعی جمیلہ' توسیع تعلیم کے لیے وفود کی تشکیل---قرآن و حدیث اور تاریخ کی مدد سے تحقیقی انداز میں موضوع کا احاطہ۔]

☆ سیرتِ صحابیاتؓ ' مولانا سعید انصاری۔ ناشر: ادارہ مطبوعات خواتین' کیمرہ مارکیٹ' ۴۲ چیمبرلین روڈ' لاہور۔ صفحات: ۱۸۹۔ قیمت: ۵۰ روپے۔ [چھے سات عشرے قبل کی دارالمصنفین اعظم گڑھ کی ایک علمی کتاب کی اشاعت مکرر' صحابیات کے دینی' علمی' سیاسی اور عملی کارناموں کی تفصیل۔ نمونے کی مثالی شخصیات' تربیت و تزکیے کے لیے مفید ہے۔]

☆ اورنگ زیب کی داستان معاشقہ' ڈاکٹر اکبر رحمانی۔ ناشر: ایجوکیشنل اکادمی' اسلام پورہ' جل گاؤں-۴۲۵۰۰۱۔ مہاراشٹر (بھارت)۔ صفحات: ۱۲۸۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔ [اورنگ زیب عالم گیر کو بدنام کرنے کے لیے بہت سے بے بنیاد افسانے تراشے گئے۔ انھی میں' ہیرابائی زین آبادی سے عالم شہزادگی میں اس کا معاشقہ ہے۔ خصوصاً مہاراشٹر میں' عالم گیر کے کردار کو مسخ کرنے کے لیے ناول تک لکھے گئے۔ اکبر رحمانی نے' نہایت کاوش و تحقیق سے اصل حقائق دریافت کیے ہیں۔ پتا چلتا ہے کہ ایام شہزادگی میں بھی اورنگ زیب ایک متقی اور پرہیزگار شخص تھا اور اس کا کردار بے داغ ہے۔]